مشہور اسلامی صحافی محمد صلاح الدین (مدیر تکبیر) مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی (رحمہ اللہ) کی بصیرت افروز نگارشات کے ساتھ ایک معمولی سی تحریر راقم کی بھی شامل ہے۔

اِس مجلّہ، خصوصاً اس کی اشاعتِ خاص کو ماہرینِ تعلیم اور معلمین تک پہنچنا چاہیے اور یونیورسٹیوں اور کالجوں اور دیگر درس گاہوں کی لائبریریوں میں اسے موجود ہونا چاہیے۔

ہمقدم (سالنامہ) | مرتب: اختر عباس - دفتر: ۱- اے ذیلدار پارک، اچھرہ- لاہور- بڑے سائز کے ۸۴ صفحات - قیمت: ۱۰/- روپے چندہ سالانہ ۴۵/- روپے

اسلامی جمعیت طلبہ کے نوجوانوں نے اس کا آغاز ۱۲ سال پہلے کیا تھا۔ جب کہ جمعیت کے نوجوان آزمائشوں کی چکیوں میں پسنے کے بعد بھی معرضِ آزمائش ہی میں ہیں۔ ان کی ہمت قابلِ داد ہے کہ وہ کئی طرح کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ازاں جملہ ذہنی تعمیر کی ایک سعی ہمقدم کی صورت میں بھی جاری ہے۔

مضامین کی زیادہ تفصیل تو میں نہیں دے سکتا۔ البتہ یہ کہہ سکتا ہوں کہ رنگا رنگ تحریریں اس میں شامل ہیں۔ جمعیت کی تاریخ کی خاص خاص جھلکیاں بھی ہیں۔ تاریخِ مجاہدین کے حالات پر مشتمل ایک ناول کی قسط بھی، قرآن و حدیث کی تجلیات بھی، حالیہ زمانہ آزمائش کے تجربوں کی روئیداد بھی ــــ کچھ بشکل رپورتاژ، کچھ بشکل فسانہ ــــ مقبوضہ کشمیر کی داستان کا ایک خون آلود ورق بھی۔ چوہدری غلام جیلانی کا ایک جامع مضمون جس میں تاریخ دستور سازئ پاکستان میں مولانا مودودیؒ کا حصہ نمایاں کیا گیا ہے۔ سید اسعد گیلانی صاحب کا ایک تازہ افسانہ بھی۔ ابتدا میں قائدِ تحریکِ اسلامی میاں طفیل محمد صاحب اور سیکرٹری جناب قاضی حسین احمد صاحب اور سابق ناظمینِ جمعیت کے پیغام درج کیے گئے ہیں۔ سابق ناظمین نے اپنے اپنے دور کے خود نوشت جمعیتی احوال بالاجمال پیش کیے گئے ہیں۔ مزید برآں بزرگانِ دین کی شخصیتوں کی لمعاتی بھی اس سالنامے میں دیکھی جا سکتی ہے۔ منظومات بھی متعدد ہیں۔

ہمقدم (خصوصاً اس کا سالنامہ) اسلامی ادب و صحافت کے اچھے مستقبل کی امید دلاتا ہے۔ "ہمقدم" جن نوجوان سختی کشانِ عشق کی اپنی ہی کاوشوں سے اپنے وجود کو بہ حسن و خوبی برقرار رکھے